سوال

غیر مسلم اور مسلمان کا ایک کنوئیں سے پانی بھرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ایک کنوئیں پر الگ الگ ڈول ڈال کر مسلمان اور ہندو یا شودر پانی نکال سکتے ہیں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غیر مسلم کے برتنوں کے متعلق حدیث میں آیا ہے کہ دھوکر استعمال کرو۔ اس سے معلوم ہوا کہ ان کے ساتھ اختلاط جائز نہیں۔ ہاں کنوئیں کا پانی چونکہ کثیر ہے اس لیے نجس نہیں ہوتا۔ خواہ ان کے برتن کیسے ہی ہوں لیکن طبعی نفرت کا اظہار کرتے ہوئے پرہیز ہوسکے تو بہتر ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت' پانی کا بیان، ج1ص236